## 12 مئی کا واقعہ ایک بڑی سازش کا حصہ تھا جسکے تحت ملک کی لبرل، سیکولر اور ڈیموکریٹک فورسز کو آپس میں لڑانے کی کوشش کی گئی۔الطاف حسین

## ہمارا وکلاء سے کوئی جھگڑا اور تضاد نہیں ہے اور ہم عدلیہ کی آزادی وخودمختاری اور وکلاء کی آئینی وقانونی جدوجہد کی حمایت کرتے ہیں۔سندھ ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر ابرارالحسن ایڈوکیٹ سے فون پر گفتگو

## میں نے اور متحدہ قومی موومنٹ نے حکومت سندھ اور سندھ کی انتظامیہ سے یہی دردمندانہ اپیل کی تھی کہ حکومت 12 مئی کو چیف جسٹس افتخار چوہدری کے کراچی پہنچنے اور بار سے خطاب میں کسی قسم کی رکاوٹ یا مشکل کھڑی نہ کرے

## وکلاء برادری کا بھی ایم کیوایم سے کوئی جھگڑا نہیں ہے، انکی تحریک صرف عدلیہ کی آزادی کیلئے ہے۔ابرارالحسن ایڈوکیٹ

لندن۔۔۔17 مئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ہمارا وکلاء برادری سے کوئی جھگڑا اور تضاد نہیں ہے اور ہم عدلیہ کی آزادی وخودمختاری اور وکلاء کی آئینی وقانونی جدوجہد کی حمایت کرتے ہیں۔انہوں نے یہ بات آج سندھ ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر ابرارالحسن ایڈوکیٹ سے فون پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ عدلیہ کی آزادی،خودمختاری اور بالادستی پر یقین رکھتی ہے اور اس نے شروع ہی سے وکلاء کی جائز جدوجہد کی حمایت کی ہے،اس کا یہی کہنا تھا کہ وکلاء عدلیہ کی آزادی وخودمختاری کیلئے اپنی تحریک ضرور چلائیں،ہم اس کے مخالف نہیں تاہم ہمارا صرف یہی کہنا تھا کہ سیاسی جماعتیں اس تحریک کو اپنے مذموم سیاسی مفادات کیلئے استعمال کر کے وکلاء کی تحریک اور سپریم کورٹ کے چیف جسٹس کے کیس کو متنازعہ بنانے میں کامیاب نہ ہوسکیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ میں ذاتی طور پر بھی جج صاحبان کا احترام کرتا ہوں اور میں یا میری جماعت کسی بھی صورت میں جج صاحبان یا وکلاء کے ساتھ نہ تو خود توہین آمیز سلوک کرسکتی ہے اور نہ اس عمل کی حمایت کرسکتی ہے۔12 مئی کو کراچی میں چیف جسٹس افتخار محمد چوہدری کی آمد پر پیش آنے والے افسوسناک واقعہ کے حوالے سے جناب الطاف حسین نے کہا کہ میں نے ذاتی طور پر اور ایم کیوایم نے حکومت سندھ اور سندھ کی انتظامیہ سے یہی دردمندانہ اپیل کی تھی کہ 12 مئی کو چیف جسٹس افتخار محمد چوہدری کی کراچی آمد اور انکے سندھ ہائیکورٹ اور دیگر بار سے خطاب میں حکومت کسی قسم کی رکاوٹ یا مشکل کھڑی نہ کرے تاکہ وہ سندھ ہائیکورٹ اور دیگر بار سے خطاب کرسکیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ 12 مئی کا واقعہ ایک بڑی سازش کا حصہ تھا جسکے تحت ملک کی لبرل، سیکولر اور ڈیموکریٹک فورسز کو بھی آپس میں لڑانے کی کوشش کی گئی جو کسی بھی طرح ملک اور معاشرے کے مفاد میں نہیں ہے۔جناب الطاف حسین نے ابرارالحسن ایڈوکیٹ سے کہا کہ آپ وکلاء برادری کو میرا پیغام دیں کہ متحدہ قومی موومنٹ کا ان سے کوئی تضاد نہیں ہے اور ہم انکی آئینی وقانونی جدوجہد کی حمایت کرتے ہیں۔سندھ ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر ابرارالحسن ایڈوکیٹ نے وکلاء برادری کی تحریک کی حمایت پر جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا اور جناب الطاف حسین کو یقین دلایا کہ وکلاء برادری کا بھی ایم کیوایم یا کسی بھی سیاسی جماعت سے کوئی جھگڑا نہیں ہے بلکہ ان کی تحریک صرف عدلیہ کی آزادی، بالادستی اور خودمختاری کیلئے ہے۔انہوں نے جناب الطاف حسین کی اس بات سے بھی اتفاق کیا کہ وکلاء، سول سوسائٹی اور سیاسی جماعتوں کا آپس میں ٹکراؤ ملک کے مفاد میں نہیں۔

## ایم کیوایم بے بنیاد منفی پروپیگنڈہ اور سازشوں کا ہمت اور حوصلہ کے ساتھ مقابلہ کرے گی، رابطہ کمیٹی

## ایم کیوایم وکلاء برادری انکی آئینی اور قانونی جدوجہد کے خلاف نہیں ہے

## ایم کیوایم کی تحقیقاتی کمیٹی 12 مئی کے افسوسناک واقعات کی تحقیقات کے نتائج سے قوم کو جلد آگاہ کرے گی

## اربابِ اختیار کو بتادینا چاہتے ہیں کہ ایم کیوایم کو جھنڈے والی گاڑیوں میں گھومنے پھرنے کا کوئی شوق نہیں ہے

## تمام رہنماؤں، ذمہ داروں اور کارکنوں آنے والے کڑے امتحان کا سامنا کرنے کیلئے خود کو جسمانی اور ذہنی طور پر تیار کرلیں

## کراچی اور لندن میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے مشترکہ اجلاس کے بعد اعلامیہ

کراچی۔۔۔17 مئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی مرکزی رابطہ کمیٹی کا ایک ہنگامی اجلاس کراچی اور لندن میں بیک وقت منعقد ہوا جس میں 12 مئی 2007ء کو ہونے والے افسوسناک واقعات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس کے اختتام پر رابطہ کمیٹی کا مشترکہ اعلامیہ جاری کیا گیا جس میں رابطہ کمیٹی نے عوام خصوصاً کارکنان کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے غریب ومتوسط طبقہ میں ایم کیوایم کی بڑھتی ہوئی مقبولیت سے بوکھلا کر ایم کیوایم کے دشمن عناصر اور خفیہ ہاتھوں نے ایم کیوایم کے خلاف نہ صرف یہ کہ گھناؤنی سازشوں کا سلسلہ ایک مرتبہ پھر تیز سے تیز تر کردیا ہے اور 12 مئی کا سانحہ بھی انہی سازشوں کا حصہ ہے جبکہ دوسری طرف مختلف حربوں کے ذریعہ ملک بھر کے تمام صوبوں کے کارکنوں کو ہراساں اور خوف زدہ کرنے کا عمل بھی شروع کردیا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیوایم ایک حق پرست جماعت ہے اور وہ ایم کیوایم کو تنہا کرنے کیلئے جو بے بنیاد منفی پروپیگنڈہ کیا جارہا ہے اس کا اور تمام سازشوں اور دھونس دھمکیوں کا ماضی کی طرح ہمت اور حوصلہ کے ساتھ بھرپور مقابلہ کرے گی۔ رابطہ کمیٹی نے ملک بھر کے تمام رہنماؤں، ذمہ داروں اور کارکنوں وہمدردوں سے اپیل کی کہ وہ آنے والے ہر کڑے سے کڑے امتحان کا سامنا کرنے کیلئے خود کو جسمانی اور ذہنی طور پر تیار کرلیں کیونکہ رابطہ کمیٹی نے متفقہ طور پر یہ بھی فیصلہ کیا ہے کہ ہم حکومت میں ہوتے ہوئے بھی اگر عوام اور کارکنان کو تحفظ فراہم نہیں کرسکتے تو پھر ہم اربابِ اختیار کو یہ بھی بتادینا چاہتے ہیں کہ ایم کیوایم کو جھنڈے والی گاڑیوں میں گھومنے پھرنے کا کوئی شوق نہیں ہے۔ رابطہ کمیٹی نے عوام اور کارکنان کو مزید بتایا کہ ایم کیوایم کی تحقیقاتی کمیٹی 12 مئی کے افسوسناک واقعات کی بڑی باریک بینی سے تحقیقات کررہی ہے جس کے نتائج سے قوم کو جلد آگاہ کیا جائے گا۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیوایم ملک کی وہ واحد سیاسی جماعت ہے جس نے ماضی میں جتنے کڑے اور مشکل وقت کا سامنا کیا ہے اتنا ملک کی کسی اور جماعت نے نہیں کیا اور ایم کیوایم ایک اصول پسند جماعت ہے اور وہ اصولوں پر سمجھوتا نہیں کرتی بلکہ جرات کے ساتھ غلط کو غلط اور صحیح کو صحیح قرار دیتی ہے۔ رابطہ کمیٹی نے حالیہ عدالتی مسئلہ پر ملک کی تمام وکلاء برادری کو یقین دلایا کہ ایم کیوایم ملک کی وکلاء برادری کا احترام کرتی ہے اور رابطہ کمیٹی وکلاء برادری کو یقین دلاتی ہے کہ ایم کیوایم نہ تو ان کے خلاف ہے اور نہ ہی انکی آئینی اور قانونی جدوجہد کے خلاف ہے کیونکہ ایم کیوایم عدلیہ کی مکمل آزادی اور اس کے تقدس پر یقین رکھتی ہے۔ آخر میں رابطہ کمیٹی نے تمام کارکنان اور ہمدردوں سے اپیل کی کہ وہ اپنی صفوں میں اتحاد برقرار رکھیں اور ہر قسم کے حالات کا سامنا کرنے کیلئے تیار رہیں۔

## چیف جسٹس افتخار محمد چوہدری اگر کراچی میں بار سے خطاب کرنے تشریف لانا چاہیں تو بڑے شوق سے تشریف لائیں۔ سلیم شہزاد

## اعتزاز احسن کو یقین دلاتے ہیں چیف جسٹس کے بار سے خطاب میں بخدا نہ تو پہلے رکاوٹ ڈالی تھی اور نہ اب ڈالیں گے

## اگر سیاسی جماعتیں موجود نہ ہوئیں تو ایم کیوایم کے وکلاء بھی چیف جسٹس افتخار محمد چوہدری کے استقبال کیلئے وہاں موجود ہونگے

## بار سے خطاب کرنا چیف جسٹس کا آئینی وقانونی حق ہے اور ہم چیف جسٹس افتخار محمد چوہدری کا احترام کرتے ہیں

لندن۔۔۔17، مئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے سینئر رہنما اور رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد نے چیف جسٹس آف پاکستان افتخار محمد چوہدری کے وکیل اعتزاز احسن کے بیان پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم انہیں یقین دلاتے ہیں کہ چیف جسٹس افتخار محمد چوہدری اگر کراچی میں بار سے خطاب کرنے تشریف لانا چاہیں تو بڑے شوق سے تشریف لائیں۔ بار سے خطاب

کرنا چیف جسٹس کا آئینی وقانونی حق ہے اور ہم چیف جسٹس افتخار محمد چوہدری کا احترام کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ چیف جسٹس کی آمد کے موقع پر اگر سیاسی جماعتیں وہاں موجود نہ ہوئیں تو متحدہ قومی موومنٹ کے وکلاء بھی چیف جسٹس افتخار محمد چوہدری کے استقبال کیلئے وہاں موجود ہوں گے۔سلیم شہزاد نے کہا کہ ہم نے چیف جسٹس کے بارے خطاب میں بخدانہ تو پہلے رکاوٹ ڈالی تھی اور نہ اب ڈالیں گے کیونکہ متحدہ قومی موومنٹ ایک جمہوری اوراصولی جماعت ہے جو آزادی ء اظہار رائے ،آئین وقانون کی بالادستی اورعدلیہ کی آزادی وتقدس پر بھر پوریقین رکھتی ہے۔

## صوبہ سرحد میں متحدہ مجلس عمل کی حکومت فی الفور برطرف کی جائے ،ارکان قومی اسمبلی

## صوبہ سرحد میں مسلسل بم دھماکے،خودکش حملے،راکٹ لانچروں کے حملے اور مسلح دہشت گردیوں کے واقعات ہورہے ہیں

کراچی۔۔۔17 مئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کہا ہے کہ صوبہ سرحد میں مسلسل بم دھماکے،خودکش حملے،راکٹ لانچروں کے حملے اور مسلح دہشت گردیوں کے واقعات ہورہے ہیں اور وہاں متحدہ مجلس عمل کی حکومت میں بے گناہ پختونوں کا خون بہایا جارہا ہے لیکن جولوگ خودکو پختونوں کا ہمدرد کہتے ہیں وہ صوبہ سرحد میں پختونوں کے قتل وغارت گری پر خاموش ہیں۔انہوں نے سوال کیا کہ کیا صوبہ سرحد کے پختون عوام انسان نہیں ہیں؟ انہوں نے کہا کہ کراچی کے واقعہ کی آڑ میں ہنگامہ آرائی ، ہڑتالیں اور جلوس نکالنے والے عناصر آخر صوبہ سرحد میں پختونوں کے قتل پر کیوں خاموش ہیں؟ حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے مطالبہ کیا کہ صوبہ سرحد میں متحدہ مجلس عمل کی حکومت فی الفور برطرف کی جائے۔

## مذہبی انتہاء پسند جماعتیں مکمل طور پر تنہا ہو چکی ہیں ،ارکان سندھ اسمبلی

## اے پی سی میں پیپلز پارٹی کی شرکت سے انکار سے ثابت ہوگیا ہے کہ ملک کی لبرل ،جمہوری اور مذہبی انتہاء پسندی کے مخالف طبقات اور عوام متحدہ مجلس عمل اور جماعت اسلامی جیسی مذہبی انتہاء پسند جماعتوں کے خلاف ہم خیال ہو چکے ہیں

کراچی۔۔۔17 مئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے ارکان صوبائی اسمبلی نے کہا ہے کہ لاہور میں متحدہ مجلس عمل کی آل پارٹیز کانفرنس میں پیپلز پارٹی نے شرکت سے انکار کردیا ہے اس سے واضح ہوگیا ہے کہ ملک کے تمام لبرل ،جمہوری اور مذہبی انتہاء پسندی کے مخالف طبقات اور عوام متحدہ مجلس عمل اور جماعت اسلامی جیسی مذہبی انتہاء پسند جماعتوں کے خلاف ہم خیال ہو چکے ہیں اور یہ مذہبی انتہاء پسند جماعتیں مکمل طور پر تنہا ہو چکی ہیں جن کے خلاف ملک بھر کے عوام متحد ہیں۔انہوں نے کہا کہ ان مذہبی جماعتوں کو اچھی طرح پتہ ہے کہ آئندہ انتخابات میں ملک بھر کے عوام ان مذہبی جماعتوں کو اسی طرح سیاسی طور پر نمونہ عبرت بنادیں گے جس طرح صوبہ سندھ اور کراچی کے عوام نے ان مذہبی جماعتوں کا سیاسی صفایا کیا ہے۔اسی لئے یہ مذہبی جماعتیں اپنے سیاسی مقاصد کیلئے صوبہ سندھ اوراس کے دارالخلافہ کراچی میں خون خرابہ اور فساد کی سازشیں کررہی ہیں۔

## شاہی سید غریب اور محنت مزدوری کرنے والے پختونوں کا دشمن ہے

## پختون عوام شاہی سید کے سازشی ہتھکنڈوں میں نہ آئیں۔پی پی او سی

کراچی۔17 مئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نے اپنے ایک بیان میں کراچی میں رہنے والے تمام پختونوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ کراچی میں رہنے والے پختون اور مہاجر عوام ماضی میں انہیں لڑانے کی سازشوں اوران سازشی مقاصد کو اچھی طرح سمجھ کر برسوں سے آپس میں بھائیوں کی طرح رہ رہے تھے اور ایک دوسرے کے دکھ درد میں شریک ہوکر ایک دوسرے کی مدد اور غم بانٹنے کا عملی مظاہرہ بھی کرر ہے تھے۔پی پی او سی کے اراکین نے مزید کہا کہ ایجنسیوں کے پے رول پر کام کرنے والے اور لینڈ مافیا کے سرغنہ شاہی سید کو جب خفیہ ہاتھوں کے ذریعہ بھاری رقم اس مقاصد کیلئے دی گئی کہ وہ ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن کے نام پر بنائی جانے والی پختون ایکشن کمیٹی کی

آڑ میں کراچی میں پختون مہاجر فسادات کی آگ بھڑکانے کا عمل شروع کردے۔انہوں نے کہا کہ بس پھر شاہی سید نے پختون مہاجر فسادات کے ذریعہ کراچی کے پرامن ماحول کوخراب کرنے کا سلسلہ شروع کردیا۔پی پی اوسی کے اراکین نے کہا کہ ہم پختون عوام کو بتانا چاہتے ہیں کہ شاہی سید کے جھوٹے پروپیگنڈہ میں نہ آئیں کیونکہ حیرت اور تعجب یہ کہ ایک طرف تو یہ کہ شاہی سید 5 پیڑول پمپوں کا مالک ہے جو ناجائز زمین پر بنائے گئے ہیں اس کا لڑکا تو لندن کے ایک اعلیٰ کالج میں تعلیم حاصل کررہا ہے جبکہ شاہی سید ہڑتالوں کے ذریعہ شہر کا امن خراب کرکے شہر میں آنے والے محنت اور مزدوری کرنے والے پختونوں کو فاقہ کشی پر مجبور کررہا ہے لہٰذا انہوں نے تمام پختون برادری سے اپیل کی کہ وہ اس مفاد پرست شخص سے ہوشیار رہیں اور شاہی سید کی سازشوں سے ہر ممکنہ طور پر خود کو علیحدہ رکھیں۔

## ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔17رمئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 185 کے کارکن شفیق کی والدہ محترمہ زینب خاتون کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ وہمت دے۔(آمین)

☆☆☆☆☆